## سوال

(361) دلہا سے پانچ روپے مسجد کا حق لینا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہمارے ہاں نکاح کے وقت ہر امیر وغریب مسلمان دلہا سے پانچ روپے مسجد کا حق لے کر نکاح پڑھایا جاتا ہے۔ اگر کوئی بوجہ مفلسی اس کے ادا کرنے میں قاصر ہے۔ تو پھر اس کا نکاح روک دیا جاتا ہے۔ اس کو ہر طرح سے مجبور کیا جاتا ہے۔ کہ وہ پانچ روپے نکاح سے قبل ادا کرے۔ کیا اس طریقے سے مسجد کا حق طلب کرنا قرآن وحدیث سے جائز ہے۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اہل محلہ یا اہل برادری نے بالاتفاق کسی زمانے میں یہ امداد منظور کی ہوئی ہے اور یہ دستور چلا آ رہا ہے۔ تو بحکم المسلمون شرو طھم تعمیل کرنی چاہیے مفلس ہے تو معذرت کر کے کمی کرائے۔ (اخبار اہلحدیث امرت سر ص 5/1224 زی الحجہ 5713 ہجری)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد 2 ص 335**

محدث فتویٰ